سوال

(109)حائضہ کےلیے پاکی کے بعد لباس تبدیل کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ کےلیے حیض سے پاک ہونے کے بعد لباس تبدیل کرنا ضروری ہے یہ جانتے ہوئے کہ اس لباس میں کوئی نجاست اور خون نہیں لگا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کےلیے ایسا کرنا لازمی نہیں ہے کیونکہ حیض بدن کوناپاک نہیں کرتا۔خون حیض صرف اس حصے کوناپاک کرتا ہے جس کو وہ لگتا ہے ،اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو حکم دیا کہ جب ان کے کپڑوں کو خون حیض لگ جائے تو وہ ان کو دھوکر ان میں نماز پڑھ لیں۔(فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 140

محدث فتویٰ